(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِيِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظة

نام کتاب	-----	مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)
مولف	-----	آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ
مترجم	-----	حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی
اہتمام	-----	مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)
ناشر	-----	ادارہ منہاج الصالحین لاہور
پروف ریڈنگ	-----	غلام حیدر چوہدری
ہدیہ	-----	=/200 روپے

جگہ جگہ بکھر رہا ہے۔

تیری بارگاہ کعبہ ارواح اور عقول کا قبلہ ہے اور تیرے راستے کی خاک ہر مرد و عورت کی سجدہ گاہ ہے۔

اے وہ جس کے چہرے سے صاحبان جنت کی جنت نظر آتی ہے اور تیرے بغیر جنت بھی غموں کا گھر ہوگا۔

اے وہ جس کے پرچم کے نیچے ہر ایک جگہ حاصل کرتا ہے اور اس وقت پرچم اسلام کے لہرانے کی باری ہے۔

اور تیری تلوار کے خوف سے زمانے کا دل دو ٹکڑے ہو جائے گا۔ جب طولانی کفن والے بادشاہوں سے انتقام لیا جائے گا۔

اور ذکر ہوا ہے کہ امام زمانہ علیہ السلام کی ولادت کی تاریخ حروف ابجد کے حساب سے کلمہ (نور) کے مطابق ہے۔

مہدیؑ برحق خروج کریں گے

(۲/۵۱۵) امام صادقؑ سے اس آیت شریفہ کی تاویل میں روایت وارد ہوئی ہے کہ جس میں خدا فرماتا ہے:

لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ (سورہ توبہ آیت ۳۳، سورہ فتح آیت نمبر ۲۸، سورہ صف آیت ۹)

"تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کر دے"

آپ نے فرمایا:

واللہ ما نزل تاویلها بعد ولا ینزل تاویلها حتی یخرج القائم

"خدا کی قسم اس آیت کی تاویل نہ حاصل ہوئی اور نہ ہوگی مگر یہ کہ قائم علیہ السلام خروج کریں"

(کمال الدین ج۲ ص۶۷۰ ح۱۶، بحار الانوار ج۵۲ ص۳۲۴ ح۳۶، ... ص۵۸)

باطنی نعمت

(۳/۵۱۶) وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً (سورہ لقمان آیت نمبر ۲۰)

"اس نے ظاہری اور باطنی نعمتوں کو تم پر نازل کیا۔

اس آیت کی تاویل میں امام کاظمؑ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا:

اَلنِّعْمَةُ الظَّاهِرَةُ الْاِمَامُ الظَّاهِرُ، وَالنِّعْمَةُ الْبَاطِنَةُ الْاِمَامُ الْغَائِبُ

"نعمت ظاہرہ سے مراد امام ظاہر ہے اور نعمت باطنہ سے مراد امام غائب ہے"

(کمال الدین ۲/۳۶۸، حدیث ۶، بحار الانوار [illegible] حدیث ۲، تفسیر برہان ۳/[illegible] حدیث ۲)

بقیۃ اللہ

فضل بن شاذان امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: امام زمانہؑ ظہور کے وقت اس آیت کی تلاوت کریں گے۔

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

"بقیۃ اللہ یعنی باقی ماندہ حجت الٰہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم اہل ایمان ہو"

(سورہ ہود آیت ۸۶)

اس کے بعد امام زمانہؑ فرمائیں گے: میں بقیۃ اللہ اور خدا کی باقی ماندہ حجت ہوں۔

(اثبات الہداۃ [illegible]، بحار الانوار ۵۲/۱۹۲ [illegible] حدیث ۲۴)

معطل کنواں

(۵/۵۱۸) علی بن ابراہیم قمیؒ اپنی تفسیر میں امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سورہ حج کی ۴۵ آیت (وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ) میں (بئر معطلہ) یعنی ایسا کنواں جو پانی سے پر ہو اور معطل ہو گیا ہے اور اس سے فائدہ نہ اٹھایا گیا ہو) سے مراد حضرت مہدی علیہ السلام ہیں۔ (تفسیر قمی ۲/۸۵، تفسیر برہان ۳/۹۶، حدیث ۶)